08-(سیکنڈری) (تعلیمی سیشن 2005-2007 اور 2006-2008)

اردو (لازمی)

دوسرا گروپ

رول نمبر (ہندسوں میں): ----------------------

پرچہ : ب (معروضی طرز)

رول نمبر (لفظوں میں) ----------------------

وقت : 20 منٹ

اپنی جوابی کاپی کا سیریل نمبر لکھیے : ----------------------

کل نمبر : 20

دستخط نائب ناظم : ----------------------

اپنا رول نمبر اور سوالوں کے جوابات اسی پرچہ پر دی گئی خالی جگہوں پر لکھیے۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا ہوا جواب غلط تصور ہو گا۔ یہ حصہ لازماً جوابی کاپی کے ساتھ نتھی کیا جائے۔

1۔ (ا) کالم (الف) میں درج الفاظ کے متضاد الفاظ کالم (ب) میں بے ترتیبی سے دیے گئے ہیں۔ آپ صحیح متضاد الفاظ کا انتخاب کر کے کالم (ج) میں لکھیے : 5

کالم (الف)	کالم (ب)	کالم (ج)
موافق	حاضر	
تر	سرد	
غائب	مخالف	
گرم	خشک	
فقیری	ہموار	
	امیری	

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کے مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر لکھیے : 5

الفاظ	مذکر	مؤنث
بندہ		
پارسن		
سیدانی		
ساتھی		
گرہست		

(ج) مندرجہ ذیل الفاظ سے دو دو لاحقے بنایئے : 5

الفاظ	لاحقے
فہم	----------------------------
گار	----------------------------
پوش	----------------------------
اندیش	----------------------------
باز	----------------------------

(د) مندرجہ ذیل میں سے درست تلفظ والے الفاظ کالم (ج) میں لکھیے : 5

کالم (الف)	کالم (ب)	کالم (ج)
جَسَم	جِسْم	
ذِکَرْ	ذِکْر	
عِلم	عِلَم	
عِشق	عَشَق	
شِرْک	شِرَکْ	

رول نمبر..................(امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2005-2007 اور 2006-2008)

اردو (لازمی) 08-(سیکنڈری) وقت : 2.10 گھنٹے

پرچہ : ب (انشائیہ طرز) دوسرا گروپ کل نمبر : 55

2۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : 20

(ا) عیدین ۔ (ب) میرے دوست ۔ (ج) وقت کی پابندی ۔

3۔ اپنے ہمسائے کے نام خط لکھیے جس میں اُسے ریڈیو مدھم آواز سے سننے کے لیے کہیے۔ 10

یا

اپنے محلے کی صفائی کے لیے ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیے ۔

4۔ ایک کہانی لکھیے جس کا نتیجہ ہو ''انگور کھٹے ہیں'' 5

یا

ڈاکٹر اور مریض کے مابین ایک مکالمہ تحریر کیجیے ۔

5۔ (ا) مندرجہ ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(۱) اس نے مجھ کو پوچھا۔ (۲) تیرے کو شرم آنی چاہیے۔ (۳) تم اپنے الو کو سیدھا کرو ۔

(۴) وہ بے ناغہ سکول جاتا ہے۔ (۵) وہ منگوار کے دن آئے گا۔

یا

مندرجہ ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے :

(۱) آدمی کا شیطان ------ ہے۔ (۲) الٹے بانس ------ کو ۔ (۳) بات -------- پڑ گئی۔

(۴) عید -------- ٹر ۔ (۵) آخ تھو ------ ہیں ۔

(ورق الٹیے)

5۔ (ب) مندرجہ ذیل الفاظ گرائمر کی رُو سے کیا ہیں : 5

شب و روز ۔ چُھری ۔ مٹی کا برتن ۔ شہ پَر ۔ ڈھولک ۔

6۔ مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی چنانچہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بےموسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی ' ہندوستانی بےچارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے ' مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں؟ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے ' ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے ' جو بچے اُن کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات : (ا) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھی کس زمانے میں ؟

(ب) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

(ج) '' وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے '' کون برف میں رہنے کے عادی تھے ؟

(د) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟ وہ لوگ جاڑے میں کیا اوڑھتے تھے ؟

(ہ) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی ؟